1190 ـ کسی دوسرے شخص کی داڑھی مونڈنے کا حکم

سوال

میں اسلامی احکام پر عمل کرنے والا ایك مسلمان شخص ہوں اور داڑھی رکھی ہوئی ہے، اور ایك باربر شاپ کا مالك ہوں، جہاں صرف مردوں کے بال بنائے جاتے ہیں، میرا پیشہ یہی ہے، اور اس پیشے میں گاہکوں کی داڑھیاں بھی مونڈتا، اور گاہکوں کے بالوں کے لیے ڈرائي کے لیے ڈرائیر استعمال کرتا ہوں، لہذا اس کا دینی حکم کیا ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

پہلی بات تو یہ ہے کہ مسلمان کے لیے ڈاڑھی مونڈنا حرام ہے، اس کی حرمت پر بہت سے صحیح دلائل پائے جاتے ہیں، اور کسی دوسرے کے لیے بھی اس کی ڈاڑھی مونڈنا حرام ہے، کیونکہ ایسا کرنے میں گناہ و معصیت اور ظلم و زیادتی میں معاونت ہے، حالانکہ اللہ تعالی نے اس سے منع کرتے ہوئے فرمایا ہے:

اور تم گناہ و معصیت اور ظلم و زیادتی میں ایك دوسرے کا تعاون مت کرو.

دوم:

آپ کے لیے مردوں کے بالوں کو کنگھی کرنا، اور انہیں تیل اور خوشبو لگانا اور بنانا سنوارنا تو جائز ہے، لیکن آپ غیر محرم عورتوں کے بالوں کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے .